© rasailojaraid.com



# رؤیت ہلال کمیٹی کادائرہ عمل وشرعی جائزہ

آخری قسط

مولانامفتی عظمت اللہ بنوی

مفتی ومدرّس جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان (بنوں)

## ذیلی عنوانات

(۱) رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان پرعمل جائز ہے یانہیں (۲) رؤیت ہلال کمیٹی کااعلان پورے ملک کے لئے قابل عمل ہے

(۳) رؤیت ہلال کمیٹی کادائرہ عمل (۴) سعودی عرب اور افغانستان کے اعلان پرپاکستان عمل پیرا کیوں نہیں ہوتے؟

(۵) کیا شہر میں رؤیت کا ثبوت دیہات والوں کے لئے موجب عمل ہے یانہیں (۶) چاند دیکھنے میں دیہات والوں کاحکم

(۷) معتمدعلیہ عالم کے فیصلہ کااعتبار (۸) کیا مسلمان حکمران قضاۃ کے حکم میں ہے یانہیں؟اورکیاان کا حکم مسلمانوں پرلازم ہے یانہیں

اس بارے میں مفتی محمود(۱)تحریر فرماتے ہیں:

رویت ہلال کمیٹی کی شرعاً حیثیت یہ ہے کہ:اس کافیصلہ صوم،وافطار کے متعلق اپنی حدودولایت میں قابل قبول،اورنافذالعمل ہوتاہے۔بشرطیکہ رؤیت ہلال کمیٹی کے ارکان معتمدعلماء میں سے ہوں جوشہادت کی شرعی حیثیت سے واقفیت کے ساتھ اس کے تمام شرائط کی کماحقہ رعایت رکھتے ہوں۔تو ایسی کمیٹی اگرشہری ہوتوپورے شہرمیں،ضلعی ہوتوپورے ضلع میں،صوبائی ہوتوپورے صوبہ میں،اورمرکزی ہوتو پورے ملک میں اس کافیصلہ متعلقہ صوم،افطارواجب العمل ہوگا۔(فتاویٰ مفتی محمود،۲۷۰ ص:۴۳۶)

اوراحسن الفتاویٰ میں مذکور ہے۔اولاً دومقدمے سمجھ لئے جائیں:

(۱) ہرمردعورت،عالم وجاہل،شہری وبدوی تک شہادت ہلال الفطر پہنچاناہی ضروری ہے اورنہ ہی یہ ممکن ہے،اس لئے شہادت صرف قاضی کے پاس ہوتی ہے،بعدہ ثبوت ہلال کااعلان خبرواحد،یاضرب طبل وغیرہ کے ذریعہ مصر کے گردونواح میں کیاجاتاہے،یہی چیز عوام وخواص کے لئے دال علیٰ ثبوت الھلال ہونے کی وجہ سے موجب عمل ہے۔

(۲)ایک قاضی کے فیصلہ کی خبرمحض(بلا شروط شهادت على القضاء) دوسرے قاضی کے لئے موجب عمل بلکہ مجوزعمل نہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان دونوں مقدموں سے بطور نتیجہ قانون کلی طرداً وعکساً یہ حاصل ہوتا ہے کہ: ہر قاضی کا فیصلہ صرف اس کی ولایت تک بذریعہ مدافع، طبول اور ریڈیو وغیرہ (بشرائط مذکورہ) نشر کیا جاسکتا ہے اور سامعین کے لئے موجب عمل ہے، حکومت مرکزی پاکستان کی ولایت عامہ ہے، لہذا اگر مرکزی حکومت نے کسی معتبر ہلال کمیٹی کے علماء سے فیصلہ کروا کر نشر کیا تو یہ فیصلہ سارے پاکستان کیلئے موجب ہوگا، بشرطیکہ ریڈیو خاص ضابطہ کے تحت ہو۔

وثانيها ـ أنه لايلزم أهل بلد رؤية غيرهم، إلا أن يثبت ذلك عند الأمام الأعظم فيلزم الناس كلهم، لأن البلاد فى حقه كالبلد الواحد إذ حكمه نافذ فى الجميع قاله إبن الماجشون (أحسن الفتاوى، ج: ۴ ص: ۴۵۶ـ۴۵۷)۔(نيل الأوطار ج: ۴ ص: ۴۱۸)۔

رؤیت ہلال کمیٹی کے فیصلے کی شرعی حیثیت کے بارے میں فتاوی حقانیہ میں مذکور ہے کہ رؤیت ھلال کمیٹی جو با اعتماد علمی اشخاص پر مشتمل ہو، تو ایسی کمیٹی کے اعلان کو ساقط اعتبار کہنا دانشمندی نہیں، یہ الگ بات ہے کہ بعض انتظامی کمزوریوں کی وجہ سے ان کا اعلان عموماً غلط فہمی کا شکار ہوتا ہے، اگر حکومت اس کے سدِّ باب کے لئے کوشش کر کے علاقائی علماء کے لئے کوئی قاعدہ وقانون بنائے کہ علاقائی کمیٹی صوبائی کمیٹی کو مطلع کر لیا کریں اور اسی طرح سے صوبائی کمیٹی مرکزی کمیٹی کو مطلع کریں۔ تاہم جہاں کہیں علاقائی اعلان اگر شرعی تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کیا جائے تو رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان نہ ہونے کے باوجود علاقائی علماء کے فیصلہ کا پابند رہنا ضروری ہے۔ (حقانیہ، ج:۴، ص:۱۳۱)

وفى الهندية: "الفصل الثانى فى العمل بخبر الواحد فى المعاملات" يقبل قول الواحد فى المعاملات، عدلاً كان أو فاسقاً، حُرًّا كان أو عبداً، ذكراً كان أو أنثى، مسلماً كان أو كافراً دفعاً للحرج والضرورة، ومن المعاملات ألوكالات، والمضاربات، والرسالات فى الهدايا، والأذن فى التجارات كذا فى الكافى وإذا صح قول الواحد فى أخبار المعاملات عدلاً كان أو غير عدل فلابد فى ذلك من تغليب راية فيه إن أخبره صادق، فأن غلب على رأيه ذلك عمل عليه و إلا فلا كذا فى السراج الوهاج ـ (فتاوى حقّانيه، ج: ۴ ص: ۱۳۱)۔

## (۱): رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان پر عمل جائز ہے یا نہیں:

رؤیت ہلال کمیٹی کے اعلان پر عمل جائز ہے یا نہیں سو اس بارے میں حضرت مفتی محمود" فرماتے ہیں۔

اگر رؤیت ہلال کیلئے باقاعدہ حکومت کی جانب سے علماء کی مجلس مقرر ہو اور وہ اپنے شہروں میں باقاعدہ شہادت لے کر فیصلہ دیدیں، اور اس کا اعلان ریڈیو اسٹیشن سے نشر کردیں، تو دوسرے شہروں میں تو یہ ظاہر ہے کہ وہ شہادت کی حیثیت نہیں رکھتا، لیکن جس طرح ایک شہر اور اس کے مضافات میں ضرب طبل، صوت مدافع، تعليق القناديل على المنائر کو علامات دالّة على الشهادت ٹھرا کر شہر اور مضافات والوں کے لئے حجت اور موجب عمل قرار کیا گیا ہے كما فى منحة الخالق على البحر الرائق (شامی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی طرح اس اعلان کو بھی بمنزلہ علامت علی الشہادت قرار دے کر سننے والوں کے لئے حجت قرار دیا جائے گا۔پس یہ فیصلہ واعلان سارے پاکستان کے لئے موجب عمل ہوگا۔بشرطیکہ ریڈیو خاص ضابطہ کے تحت ہو، چنانچہ نیل الأوطار میں مذکور ہے:

(بحوالہ فتاویٰ مفتی محمود '۲'، ۳۷۰ ۴۳۹-۴۴۰)

وثانيها-أنه لا يلزمه أهل بلدة رؤية غيرهم،الاأن يثبت ذلک عندالأمام الأعظم فيلزم الناس كلهم۔(نيل الأوطار، ج۴ ص:۲۱۸۔

## (۲) : رؤیت ہلال کمیٹی کا اعلان پورے ملک کے لئے قابل عمل ہے:

اس بارے میں ''خیر الفتاویٰ''میں مذکور ہے:

مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی کا فیصلہ پاکستان کے ہر شہر کے لئے قابل عمل ہے۔مزید توثیق کے لئے اپنے طور پر بھی شہادتیں لینے کا انتظام کر لیا جاوے تو بہتر ہے۔(خیر الفتاویٰ، ج۴ص ۷۷)

لیکن حضرت مفتی محمود کے فتاویٰ میں مذکور ہے۔اما عدم عمل علماء بر اعلان ریڈیو مملکت پاکستان ازیں وجہ است کہ اوّلاً موجودہ رؤیت ہلال کمیٹی پاکستان بر جماعت معتمد علماء مشتمل نیست، ثانیاً۔فیصلہ تحت احکام شرع نہ کنند و شہادت بطریق شرعی نمی گیرند، ازیں وجہ کمیٹی موجودہ علماء را اعتماد نیست، ودر فیصلہ علماء تصریح است کہ ثبوت ہلال صوم وفطر رو بروئے جماعت علماء مجاز تحت اُحکام شرع شود پس اعلان او از جانب حاکم مجاز در ریڈیو شود، او موجب عمل است (فتاویٰ مفتی محمود، ج۳ ص:۴۳۱)

## (۳) : رؤیت ہلال کمیٹی کا دائرہ عمل:

حضرت مفتی محمد شفیعؒ نے ضبط شہادت کی تین صورتیں بیان کی ہیں، جن کو ماقبل میں ذکر کیا گیا۔تینوں صورتوں میں سے صرف آخری صورت میں مشکل پیش آسکتی ہے۔اب اس میں کوئی سہولت نکل سکتی ہے یا نہیں؟ اور رویت ہلال کمیٹی کا دائرہ عمل کس حد تک وسیع ہے؟

چنانچہ حضرت محمد شفیع دیوبندیؒ رقم طراز ہیں: ضابطہ شہادت میں عملی اور انتظامی طور پر اگر کوئی مشکل پیش آسکتی ہے تو وہ صرف آخری صورت " یعنی شهادت علی القضاء ''میں ہے کہ اس میں ایک شہر کی ذیلی کمیٹی کے فیصلہ کو مرکزی کمیٹی تک پہنچانے کے لئے دو گواہوں کا وہاں جانا ضروری ہے، جو اگر چہ ہوائی جہاز کے دور میں کچھ مشکل نہیں تا ہم ایک مشقت سے خالی نہیں۔اس دشواری کا حل تلاش کرنے کے لئے مندرجہ ذیل علماء (مفتی محمد شفیع، مولانا ظفر احمد عثمانیؒ ،حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ ،مفتی رشید احمد لدھیانویؒ) کے اجتماع میں غور کیا گیا کہ یہ شهادت علی القضاء کس حد تک ضروری ہے، اور آیا اس میں کوئی سہولت نکل سکتی ہے یا نہیں؟

مذاہب اربعہ، اور جمہور علماء کی کتابوں کا مطالعہ کرنے سے یہ علماء اس نتیجہ پر پہنچے کہ اصولی طور پر تو ذیلی ہلال کمیٹی کا فیصلہ مرکزی ہلال کمیٹی کے لئے اس وقت قابل تنفیذ ہوسکتا ہے جب کہ وہ فیصلہ دوسرے قاضی کے پاس شرعی شہادت کے ساتھ دو گواہ لے کر پہنچیں، صرف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ٹیلیفون، وغیرہ پر اس کی خبر دینا کافی نہیں، جمہور فقہاء امت، حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ، حنبلیہ کا اصل مذہب یہی ہے۔

ہدایہ، کتاب ''الام امام شافعیؒ'' علامہ ابن قدامہ حنبلی، وغیرہ میں اس کی تصریحات درج ہیں۔

اس لئے بہتر تو یہی ہے کہ حکومت اس اصول کے مطابق کوئی انتظام کرے، لیکن علماء کے اس اجتماع میں اس پر غور کیا گیا کہ اگر حکومت اس میں دشواریاں محسوس کرے، تو کوئی دوسری صورت بھی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ غور وفکر کے بعد متفقہ طور پر اس کا ایک حل یہ نکالا گیا کہ حکومت ہر بڑے شہر میں ذیلی کمیٹیاں قائم کرے، ان میں سے ہر ایک میں کچھ ایسے مستند علماء کو ضرور لیا جائے جو شرعی ضابطہ شہادت کا تجربہ رکھتے ہیں، اور ہر ذیلی کمیٹی کا کام صرف شہادت مہیا کرنا نہ ہو، بلکہ اس کو فیصلہ کرنے کا اختیار دیا جائے (یعنی اسے پورے ملک کیلئے فیصلے کا اختیار دیا جائے) یہ ذیلی کمیٹی اگر باقاعدہ شہادتیں لے کر کوئی فیصلہ کر دیتی ہے تو فیصلہ شہادت کی بنیاد پر ہو چکا، اب صرف اعلان باقی ہے اس کے لئے شہادت ضروری نہیں، بلکہ ذیلی کمیٹی کا کوئی ذمہ دار آدمی مرکزی کمیٹی کو ٹیلیفون پر محتاط طور پر جس میں کسی مداخلت کا خطرہ نہ رہے ذیلی کمیٹی کے اس فیصلہ کی اطلاع دے دیں، اور مرکزی کمیٹی اس صورت میں اس کو اپنا فیصلہ کہہ کر نہیں بلکہ ذیلی کمیٹی کا فیصلہ بتلا کر اس طرح نشر کرے کہ مرکزی کمیٹی کے سامنے اگر چہ کوئی شہادت نہیں آئی، لیکن فلاں ذیلی کمیٹی نے ''جس میں فلاں فلاں علماء شریک ہیں'' شہادت کی بنیاد پر یہ فیصلہ کیا ہے، ہم اس فیصلہ پر اعتماد کر کے اعلان کر رہے ہیں۔ اس صورت میں مرکزی کمیٹی کا یہ اعلان ٹیلیفون سے آئی ہوئی اطلاع پر درست ہوسکتا ہے (جواہر الفقہ، ج:۱ ص:۴۰۲،۴۰۳)

## (۴) : سعودی عرب اور افغانستان کے اعلان پر پاکستانی عمل پیرا کیوں نہیں ہوتے؟

اس بارے میں فتاویٰ محمودیہ میں مذکور ہے:

در فیصلہ علماء در احسن الفتاویٰ ایں طور نوشتہ است کہ: مجلس نے یہ بھی طے کیا ہے کہ (اگر جماعت علماء مجاز کے سامنے احکامِ شرع کے تحت ہلال صوم یا فطر ثابت ہو جائے اور اس کا اعلان حاکمِ مجاز کی طرف سے ہو تو اسکے حدود ولایت میں سب کو اس پر عمل کرنا لازم ہوگا) و عمل علماء پاکستان مخالف ایں فیصلہ نیست زیرا آنکہ مملکت پاکستان در حدود ولایتِ شاہِ افغانستان داخل نیست ازیں وجہ اعلانِ ریڈیو مملکت افغانستان موجب عمل برائے پاکستان نہ باشد (حسب فیصلہ مذکورہ، فتاویٰ مفتی محمود: ج:۳ ص:۴۳۱)

اور احسن الفتاویٰ میں مذکور ہے:

اوّلاً: سعودی عرب میں رؤیت ہلال کی خبر کا حدِ استفاضہ کو پہنچنا محلِ تأمل ہے۔

ثانیاً: حکومت سعودیہ میں رؤیت ہلال کا فیصلہ مسلک حنفیہ کے خلاف ہونے کے علاوہ بداہت کے بھی خلاف ہوتا ہے اس لئے وہ پاکستان کیلئے حجت نہیں حنفیہ کے ہاں بحالتِ صحو (جب خلاء غبار آلود نہ ہو) تو جمعِ عظیم کی رؤیت شرط ہے، مگر حکومتِ سعودیہ میں بہر کیف رمضان کے لئے خبر واحد اور شوال وذی الحجہ کے لئے شہادۃ العدلین پر فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔ (احسن الفتاویٰ، کتاب الصّوم، ج:۴ ص۴۱۶۔

وھکذا قال ''الشیخ مفتی محمد تقی عثمانی'' فی اثناء الدرس، ماضبطہ بعض تلامذۃ)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## (۵) : کیا شہر میں رویت کا ثبوت دیہات والوں کے لئے موجب عمل ہے یا نہیں:

"زبدة المقال فی رؤیة الهلال" میں مذکور ہے۔

ولهذاوجب العمل علی اهل الرساتیق الملحقة بالمصرإذابلغ الیهم خبر ثبوت الشهرفی المصربطرق موثق کان بلغهم نداء مناد من قبل المحکمة ،أو جاء الیهم رجل عدل حتی لو سمعوا صوت الموجب لغلبة الظن لزمهم العمل فی الصوم، والفطر،فخبرالرادیو بحکم الحاکم لایکون أقل من هذه الأمارات بحال وهوفی الحقیقة نداء منادٍمن جانب الحاکم وهو معتبر،(خبر منادی السلطان مقبول عد لأکان،أو فاسقاکذا فی جواهر الأخلاطی)

(فتاویٰ عالمگیری ،ج: ۵ ص ۳۰۹ المکتبة الرشید کوئٹه۔)

ولمالم یکن فی الزمان السابق ایجاد مثل الرادیو لیکون و سیلۃ إلی وصول حکم الحاکم فی ولایتهاإقتصروا فی بیان هذه المسئلة علی الذرائع التی قد کانت هناك.حتی قال العلامة الشامی فی منحة الخالق علی البحر الرائق مانصه(منحةالخالق علی البحرالرائق کتاب الصوم،ج :۲ص:۲۷۰،ایچ ایم سعید کمپنی کراچی،ومکتبه رشید یه ج:۲ ص ۴۷۲)۔

لم یذکرواعندنا العمل بالامارات الظاهرة الدالة علی ثبوت الشهر کضرب المدافع فی زماننا، والظاهروجوب العمل بها علی من سمعها ممن کان غائباعن المصر کأهل القری ونحوها کمایجب العمل بها علی أهل المصر الذین لم یرواالحاکم قبل شهادة الشهود۔

(زبدة المقال،مأخوذاز فتاویٰ مفتی محمود: ج: ۳ ص: ۳۵۷)

جو عبارت ماقبل میں ذکر کی گئی اس سے یہ معلوم ہوتا کہ: اگر شہر میں رویت ہلال کا ثبوت ہو جائے تو قرب و جوار کے دیہات والوں پر شہر کی خبر پر عمل کرنا واجب ہو جاتا ہے جب ان کو اطلاع باوثوق ذرائع سے ہوتی ہو کہ یا تو منادی کرنے والے کے اعلان کی آواز پہنچے جو اعلان محکمہ کی جانب سے ہو، یا کوئی عادل شخص ان کے پاس آ گیا ہو۔ یہاں تک کہ اگر انہوں نے توپ کی آواز سنی یا ڈھول کی آواز سنی یا ان کے علاوہ جو چیزیں غلبۂ ظن کی علامات ہو، تو صوم وافطار میں ان کیلئے عمل کرنا واجب ہے، پس ریڈیو کی خبر ان غلبۂ ظن کی علامات سے کس قیمت پر کم نہیں، بلکہ فی الحقیقت یہ حاکم کی جانب سے منادی کرنے کی ندا ہے اور یہ معتبر ہے (جیسا کہ عالمگیری کا حوالہ ذکر کیا کہ بادشاہ کے منادی کی خبر چاہے وہ فاسق ہو یا عادل معتبر ہے) اور جب پہلے زمانہ میں ریڈیو جیسی ایجادات نہیں ہوتی تھیں کہ وہ حاکم کے حکم کے پہنچانے کا وسیلہ بنیں تو صرف انہی ذرائع پر انحصار کیا گیا جو اس زمانہ میں تھیں علامہ شامیؒ نے منحة الخالق علی البحر الرائق میں فرمایا کہ: انہوں نے ذکر نہیں کیا کہ ہمارے نزدیک عمل ظاہری علامات پر ہے جو کہ دلالت کرتی ہوں شہرت کے ثبوت پر، جیسا کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہمارے زمانہ میں توپ چلانے کی آواز ہے، ظاہر یہ ہے کہ جو شخص شہر سے غائب ہو اور یہ آواز سنے تو بستی والوں کی طرح اس پر بھی عمل واجب ہے۔ جیسا کہ شہر کے ان لوگوں پر عمل واجب ہے جنہوں نے حاکم کو شہادت قبول کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔(اس فرع کو شوافع نے بھی ذکر کیا ہے، علامہ ابن حجرؒ نے تحفہ میں نقل کیا ہے کہ: وہ علامات جو ظاہراً دلالت کرتی ہوں اور عادۃً وہ خلاف نہیں ہوتیں جیسا کہ میناروں پر لٹکی قندیلوں کا دیکھنا، تو اس سے حکم ثابت ہو جاتا ہے۔)اور رد المحتار میں مذکور ہے:

میں کہتا ہوں کہ دیہات والوں پر توپ کی آواز سننے اور شہر کے میناروں پر چراغاں دیکھنے کی وجہ سے روزہ لازم ہے۔ اس لئے کہ یہ ظاہری علامت ہے جو غلبہ ظن کا فائدہ دیتی ہے، اور غلبہ ظن ایسی حجت ہے جو کہ موجب عمل ہے جیسا کہ فقہاء نے اس کی تصریح کی ہے۔ اور اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ ''چراغاں وغیرہ'' رمضان کے لئے نہ ہو؟ تو اس کا جواب یہ دیا کہ اس کا غیر رمضان کے لئے ہونے کا احتمال بعید ہے، اس لئے کہ لیلة الشك میں یہ عمل ثبوت رمضان ہی کے لئے کیا جاتا ہے چنانچہ اب اصل عبارت کی طرف توجہ فرمائیں: قلت : والظاهر أنه يلزمه أهل القرى الصوم بسماع المدافع، اورؤية القناديل من المصر، لأ نه علامة ظاهرة تفيد غلبة الظن ،وغلبة الظن حجة موجبة العمل ''كماصرحوابه '' واحتمال كون ذلك لغير رمضان بعيد إذلا يفعل مثل ذلك عادة فى ليلة الشك إلا لثبوت رمضان ۔ ردالمحتار، كتاب الصوم ،ج: ۲ ص: ۴۸۶،ایچ ایم سعید کمپنی کراچی۔)

اور ''عمدة المفتى والمستفتى ''میں مذکور ہے کہ:

وہ علامات جو بہت سارے شہروں میں رمضان اور شوال کی پہلی رات کو پائی جاتی ہیں۔ جیسا کہ صوت المدافع، اور آگ وغیرہ جلانا۔ ان پر اعتماد کرنا، اور اس کے ذریعہ روزہ وغیرہ رکھنا واجب ہے اور بہت سارے آئمہ متاخرین نے اس کی تصرح کی ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ علامات علامات قویہ ہیں جو کہ علم قطعی کا فائدہ دیتی ہیں، اور یہ علامات تو یہ خبر دیتی ہیں کہ فلاں شہر میں رویت ہو چکی ہے، اور قاضی کے ہاں رویت ثابت ہو چکی ہے، تو گویا کہ یہ ''خبر مستفیض'' کے درجہ تک پہنچ گئی ہیں چنانچہ اب اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں:

الأ مارات المعتادة فى كثير من البلدان لدخول أول ليلة من رمضان ،وشوال ألتى لا تختلف عادة يجب اعتماد ها،والصوم بها ۔كالمدافع والنّيران۔صرّح به كثير من أئمتناالمتأخرين ، وبه أفتى ابن عجيل، ولاشك فى كونهاأمارة قوية تو جب العلم القطعى الذى لا يبقى معه شك وفى كونها تفيدالعلم القطعى بحث ظاهر ،مع أن الصوم لا يشترط فى ثبوته الوصول الى رتبة العلم ، وانما هذه الأمارات إخبار عن كون تلك البلدة رؤي فيها الهلال ،ثبتت الرؤية عند قاضيها ،وكأنه نزلها منزلة الأ ستفاضه (عمده المفتى والمستفتى ،باب الصّوم، ج:ا ص: ۲۱۰،مطبوعه طوق النّجاة۔)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## (۶) : چاند دیکھنے میں دیہات والوں کا حکم:

چاند دیکھنے میں دیہات والوں کے حکم کے بارے میں فتاویٰ عالمگیری میں مذکور ہے کہ: ایسے دیہات میں جہاں پر نہ کوئی والی ہو اور نہ کوئی قاضی، وہاں اگر دو آدمیوں نے ہلال شوال کے بارے میں خبر دی (کہ ہم نے چاند دیکھ لیا) اس حال میں کہ آسمان پر بادل چھائے ہوئے تھے، تو وہاں لوگوں کا عید منانے میں کوئی حرج نہیں۔ عبارت یہ ہے:

إذاأخبر الرجلان فى هلال شوال فى السواد ،والسمآء متغيمة،وليس فيه والٍ ولا قاضٍ فلا بأس للناس أن يفطروا، كذافى الزاهدى (عالمگیری ، ج: ۱ ص: ۱۹۸۔)

اور بحر الرائق میں مذکور ہے:

**ومن رأى هلال رمضان فى الرستاق وليس هناك والٍ وقاضٍ ،فأن كان ثقة يصوم الناس بقوله،وفى الفطران أخبرعد لان برؤية الهلال لابأس بأن يفطروا** (شرح البحر الرائق ج:۲ ص:۴۶۴، مكتبه رشيد يه كوئٹه).

اور فتاویٰ تاتارخانیہ میں مذکور ہے:

أمافى السواد إذارأى أحد هم هلال رمضان شهد فى مسجد قرية ،فعلى الناس أن يصوموابقوله بعد أن يكون عدلاً إذالم يكن هناك حاكم يشهد عنده .و فى الفتاوى القاضى : إذأخبررجلان برؤيةهلال شوال فى الرستاق( اى السواد والقرى)والسمآء متغيمة وليس هناك والٍ فلا بأس للناس أن يفطروا(فتاوى تاتار خانية، كتاب الصوم،ج: ۲ ص: ۳۵۲)

## (۷) : معتمد علیہ عالم کے فیصلہ کا اعتبار:

معتمد علیہ عالم کے فیصلہ کے بارے میں فتاویٰ مفتی محمود میں مذکور ہے: اگر ۲۸ رشعبان کو دو عادل شہادت کے معروف طریقہ سے رمضان کے چاند کی شہادت دیدیں، اور معتمد علیہ عالم اس کو معتبر سمجھتے ہوئے ثبوت رمضان کا فیصلہ کر دیں تو اس عالم کے حلقہ ولایت میں رمضان کا ثبوت ہو جائے گا، اور سمجھا جائے گا کہ شعبان کے اٹھائیس (۲۸) دن نہیں بلکہ انتیس دن پورے ہو چکے ہیں، لیکن اگر دوسرے گاؤں میں معتمد علیہ عالم کو شرعی وجوہ کی بنا پر یہ شہادت درست معلوم نہ ہو تو پہلے عالم کا فیصلہ اس پر حجت نہیں۔ باقی ثبوت رمضان شریف کیلئے ایک آدمی کی خبر بھی کافی ہے، بشرطیکہ اس کے صدق پر ظن غالب ہو۔ (فتاویٰ مفتی محمود، ج:۳ ص:۴۴۲)۔

اور فتاویٰ حقانیہ میں مذکور ہے:

یہی وجہ ہے کہ فقہائے مذاہب ثلاثہ بالاتفاق، اور مذہب شافعیہ کے بعض فقہاء، اور مذہب اہل حدیث، زیدیہ، ظاہریہ، وغیرہ کا اجتماعی فیصلہ ہے کہ اختلاف مطالع کا کوئی اعتبار نہیں۔ اہلِ غرب کی رویت اہلِ شرق کے لئے قابل حجت ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لہٰذا رمضان یا عیدین کا چاند جب نظر آجائے تو قاضی وقت، ہلال کمیٹی، یا علاقے کے معتمد عالم دین کو چاہیے کہ وہ اس شہادت کو قبول کر کے اس کے مطابق روزہ، یا عیدین کا حکم صادر کرے۔ وہ حساب و کتاب یا کمپیوٹر کی اطلاع عدم احکام کو نہ دیکھے۔

علامہ ابن عابدینؒ فرماتے ہیں:

حتی لوأخبررجل عدل القاضی بمجیئ رمضان یقبل ویأمرالناس بالصوم "یعنی فی یوم الغیم" ولا یشترط لفظ الشهادة وشرائط القضاء وأیضاًقال:بأن المعمول به فی المسائل الثلاث ماشهدت به البینة،لأن الشهادة نزلهاالشارع منزلة الیقین وما قاله السبکی مردود، ردّه علیه جماعة من المتأخرین ،ولیس فی العمل بالبینة مخالفة لصلاته ﷺ و وجه ما قلناه: أن الشارع لم یعتمد الحساب بل ألغاه بالكلیة بقوله :

نحن امةأمیة لا نكتب ولا نحسب ،الشهرهكذاوهكذاوقال ابن دقیق العیدالحساب لا یجوز الا عتمادعلیه أصلا ( رد المختار ،كتاب الصوم، مطلب فی رویة الهلال ، ج: ۲ ص: ۳۸۷)

اس لئے کہ قاضی شرعی کو بدون وجہ شرعی کے کسی شہادت کو رد کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں، بلکہ وہ شہادت کے حوالہ سے فیصلہ کرے گا،

(۲) اگرچہ قاضی شرعی کی موجودگی میں کسی دوسرے شخص کا فیصلہ عیدین ورمضان میں قابل قبول نہیں ہے احکام شرعی کے بارے میں صرف قاضی شرعی کا فیصلہ قابل قبول ہوگا،لما قال العلامة وهبة الزحیلی:رابعاً ـالقیام علی شعائر الدین من أ ذان ،وإقامة صلوة الجماعة، والجماعة، والأعیاد ،وصیام،وحج۔

(الفقه الا سلامی وأدلته، باب الأمامة، ج:۴ ص:۷۰۰،مكتبه دارالفكر)

لیکن جہاں کہیں قاضی شرعی نہ ہو، یا وہ شرعی دلائل کی روشنی میں حکم صادر نہ کرتا ہو تو عیدین، ورمضان، وغیرہ عبادات کے قیام میں علاقے کا معتمد عالم دین قاضی شرعی کے قائم مقام ہوسکتا ہے۔ احسن الفتاویٰ میں ہے کہ: جہاں مسلم حاکم موجود نہ ہو یا وہ فیصلہ شرعی نہ کرسکتا ہو، وہاں اگرچہ جمیع معاملات میں تو عالم قاضی کے قائم مقام نہیں ہوسکتا، البتہ رؤیت ہلال وغیرہ بعض جزئیات میں اس کا فیصلہ حکمِ قاضی کے قائم مقام ہوجائے گا۔ (احسن الفتاویٰ، کتاب الصّوم ج:۴ ص:۴۶۶)

موجودہ ہلال کمیٹی کا اعلان اگرچہ قابل اعتبار ہے اس پر مسلمان عید ورمضان جیسے امور انجام دے سکتے ہیں، مگر اس علاوہ علماء کی کمیٹی یا ایک معتمد عالم دین بھی اس بات کا مجاز ہے کہ وہ شہادت یا دیگر اطلاعات کی بناء پر رمضان وعیدین کا فیصلہ کرسکے۔ یہ بھی قضاء قاضی کے قائم مقام ہے۔ اعلان رمضان وعیدین کا حق صرف ہلال کمیٹی کو حاصل نہیں۔ چنانچہ علامہ محمد یوسف بنوری فرماتے ہیں:

واعلم أن بلادالهند الیوم لیست فیها حكومة إسلامیة،ولیس فیها دارالقضاء للمسلمین فالحكم فی مثلها ألصوم بأخبار ثقة،والفطر بقول ثقتین۔ ولا ینبغی لعلماء العصر من

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



المفتيين المشى على ماهو شأن قضاة دارالاسلام من الشهادةوغيرها۔( معارف السنن، كتاب الصوم۔ج: ۵ ص: ۳۴۵)۔

اس لئے کہ ہلال کمیٹی دیگر تسامحات کے ساتھ ساتھ شہادت شرعی کو بھی اپنی مفروضہ رائے اور عدم رؤیت کے اعلان کے بعد قبول نہیں کرتی، اور شہادت کو کمپیوٹر کے حساب سے پرکھا جاتا ہے، جس کی شریعت اجازت نہیں دیتی، اس کے ساتھ قاضی شرعی کا حکم بھی تب نافذ ہوتا ہے جب وہ شریعت کے موافق ہو۔ لہذا جب ایک علاقہ میں رویت چاند ہو جائے تو رویت جہاں بھی ہو ثبوت شرعی کے ساتھ ہونے پر ہلال کمیٹی، یا علاقے کا معتمد عالمِ دین روزہ، یا عیدین کا فیصلہ (اعلان) کردے تو مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ اس فیصلہ پر عمل کریں۔

(فتاویٰ حقانیه، ج: ۴ ص ۱۳۴۔۱۳۵۔۱۳۶۔)

**فما لم يكن نظم المملكة بحسب قانون الشرع فى مسألة رؤية الهلال يؤخذ بقول عالم ثقة معتمدمرجع للعامةفى عامة المسائل. قال مولاناعبدالحى اللكهنوى فى عمدةالرعاية على شرح الوقاية و العالم الثقة فى بلدةلاحاكم فيهاقائم مقامه. (عمدةالرعايةعلى شرح الوقاية، ج:۱ ص ۳۰۹ حاشيه نمبر:۱۳)**

اور شامی میں مذکور ہے:

والبلدة التى لاوالى فيها ولا حاكم ،أوكان ولايحكم بحكم الشرع ولا يبالى به كماهو مشاهد فى زماننا۔(الفتاوىٰ مفتى محمود)۔قال الشامى :وفى الفتح إذالم يكن سلطان ولا من يجوز التقلدمنه كماهوفى بعض بلادالمسلمين غلب عليهم الكفاركقرطبة الآن ۔يجب على المسلمين ان يتقفواعلى واحد منهم۔(شامى ، ج:۴ ص:۳۶۹، ايچ ايم سعيد كمپنى )۔

## (۸) : کیا مسلمان حکمران قضاۃ کے حکم میں ہے یا نہیں؟ اور کیا ان کا حکم مسلمانوں پر لازم ہے یا نہیں:

کیا مسلمان حکمران قضاۃ کے حکم میں ہے یا نہیں، اور کیا ان کا حکم مسلمانوں پر لازم ہے یا نہیں؟ تو اس بارے میں "زبدۃ المقال" میں مذکور ہے:

وأماالحكام المسلمون فى ديا رنا،ديارباكستان ،فكونهم فى حكم القضاة ،وكون حكمهم مما يلزم المسلمين أم لا ؟موقوف على النظرفى الأمور الثلاثة فبعد ذلك ينكشف الغطاء عن وجه المسألة،ويتضح الأمر۔

الاول:هل المتغلب القاهرالذى مارتضاه ارباب الحل والعقد،تصح سلطنةويجوزالتقلدمنه؟

الثانى : هل الفاسق من أهل القضاء؟

ألثالث : هل الجهل بالأحكام الشرعية يفوت على المرأأهلية القضاء؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



أماالأ مرالأول:فاالاحاديث الكثيرة، وعبارات الفقهاء "رحمهم اللّه "تدل على أن الأصل وان كان فى الأمارة أن تكون بمشاورة أرباب الحل والعقد،لكن مع هذالواستولى أحد،وتولى أمور المسلمين بلامبايعةأحد من ذوى علم ورأى،يجب على المسلمين أن يطيعوه مالم يروافيه كفراً بواحاًلهم عليه برهان ،ويتقلدوامنه الأعمال،و الولايات(وهكذافى الشامى ردالمحتار، باب الأمامة ،ج: ۱ ص: ۵۴۹،ايچ ايم سعيد كمپنى)

"وتصح سلطنة متغلب للضرورة"

أى من تولى بالقهروالغلبةبلا مبايعة أهل الحل والعقد. وقال صاحب الهداية:ويجوزالتقلد من السلطان الجائر كمايجوزمن العادل وقال صاحب الدرالمحتار:ويجوز التقلد من السلطان العادل والجائر ولو كان كافراً ـ "هامش الشامى ج : ۴ "والشاهدعلى هذاأن سادة الأمة من الصحابة و التابعين تقلد وا لعمالات من ملوك بنى أمية ،وحالهم لا يخفى على من طالع كتب التاريخ.فأن بعدالخلافة الراشدة قلمافاز المسلمون بأمام عادل ، ومع هذا لم يجوز أحدمنهم الخروج على أولئك المملوك ، وأطاعوهم ما استطاعوا فى معروف فلم .يكن ينبغى أن يعلم أن حكمهم واجب الامتثال على العامة مالم يكن مخلفاًللشرع، وتقلد القضاء منهم جائرإذا القضاة من القضاء بحق ، وأماإذالم يخلوهم وأنفسهم فى إنفاذالحق المبين فحاشامن الا طاعة فأنه لاطاعة لمخلوق فى معصية الخالق.قال صاحب الأشباه:أمرالسلطان ينفذ إذاوافق الشرع.وقال صاحب الهداية:إلاإذا كان لا يمكنه من القضاء بحق.قال فى الفتح فى شرح هذه العبارة إستثنآ ء من قوله:يجوز التقلد من السلطان الجائر،لأن المقصودلا يحصل من التقلد وهو ظاهر (كتاب القضاء) والأن فى مملكتناأن تولى الحكام المسلمون بعضاً من المسائل ،وحصل لهم التمكن من أن يحكمو افيها بقوانين الشريعة الغراء،فحكمهم هذا يصح و ينفذ.فأن القضاء يتخصصقال صاحب الدرالمختار:إن تولية القضاء تتخصص بالزمان ، والمكان، والشيخ (إلى أن قال) ولو نهاه عن سماع بعض المسائل لم ينفذ حكمه فيها.

وأماالأمرالثانى:.فعبارات الفقهاء الأ حناف دالةعلى أن العدالةفى القضاء شرط الأولوية ، لاشرط الجواز.(قال العلامة الشامى : بعدأن نقل قول من قول قال :إن الفاسق ليس بأهل للقضاء) أقول :لواعتبر هذا لا نسدباب القضاء،خصوصاً فى زماننا،فلذاكان ماجرى عليه المصنف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



هو الأصح كما فى الخلاصة، وهو أصح الأقاويل كما فى العمادية نهر،وفى الفتح :والوجه تنفيذ قضاء كل من ولاه سلطان ذوشوكة وإن كان جاهلاً ،فاسقاً وهوظاهر المذهب عندنا۔ وحينئذ فيحكم بفتوى غيره وأما الأمر الثالث:.فعبارة الفتح المارة انفأتدل صريحاً على أن الجاهل يصح قضاؤه،و ينفذ حكمه وهو ظاهر المذهب فى الدر المختار، وينبغى أن يكون موثوقاً به فى عفافه،وعقله،وصلاحه،وفهمه،وعلمه بالسنة،والآثار ووجوه الفقه،والأجتهاد، وشرط الولاية لتعذره على أنه يجوز خلو الزمن عنه عندالأكثر فصح تولية العامى ويحكم بفتوى غيره۔فبعدإ تضاحالأمور الثلاثة تبين أن الحكام الباكستانيين و ان كانوا جاهلين بالأحكام الشرعيةوكانواغيرعدول،فحكمهم نافذ إذا حكموابفتوى العالم الثقة فى ثبوت رؤية الهلال،وراعوافيه شروط الشهادةفى موضوعها،وصفات الشاهد والمخبرواذا حكموا بغير مشورة العلماء الثقات فلم ينفذ حكمهم،لأنه لايمكن لهم أن يراعوا فى الشهادة والأخبار جميع الشرئط لجهلهم،ولو سلم علمهم بشروط الشهادة فبقلة مبالا تهم بحقوق الشرع، وفقد عد التهم لا يسلكون مسلك الأحتياط،ولا يؤدون مافرض الله عليهم من التثبيت فى أمرالدين كماهو مشاهد من حالتهم ،والعالم الثقةمن يعلم الأحكام الشرعية، وبلغ فى ذلك مبلغا يعتمد علمآء العصر بفتوا،وكان متيقظاً غير غافل عن عرف أهل زمانه،وتفقه على أستاذ ماهر۔

مذکورہ عبارت میں تین امورکوذکرکیا گیا ہے۔

(الاوّل) جس شخص نے زبردستی غلبہ حاصل کر کے حکومت پر قبضہ کیا ہو۔ارباب حل وعقد نے اس کو متعین نہ کیا ہو۔کیااس کی سلطنت صحیح اوراس سے کوئی عہدہ قبول کرنا جائز؟(الثانی) کیافاسق اہل قضاء ہے؟(الثالث) کیاشرعی امور سے جہالت آدمی سے قضاء کی اہلیت فوت کردیتا ہے؟

**پہلا مسئلہ :** کثیراحادیث اورفقہاء کی عبارت اس بات پردال ہیں کہ امارت میں قانون تو یہی ہے کہ امارة کاانعقادارباب حل وعقد کے مشورہ سے ہو،تاہم اگرکوئی زبردستی قبضہ کرکے بغیراہل علم اوراہل الرائے کی بیعت کے مسلمانوں کے امورکاذمہ دار بن گیاتو مسلمانوں پراس کی اطاعت اس وقت تک واجب ہے جب تک اس میں ظاہری کفرنہ دیکھ لیں جس پران کے پاس دلیل بھی ہو،اس سے گورنری اوردوسرے حکومتی عہدے قبول کرنا جائز ہے،علامہ شامیؒ نے ردالمحتار ج باب الامامة میں فرمایا کہ:ضرورت کی وجہ سے زبردستی قبضہ کرنے والے کی سلطنت صحیح ہے۔یعنی جوشخص زبردستی بغیراہل حل وعقد کے مشورے اوربیعت کے حکومت پرقبضہ کرلے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب ہدایہ نے لکھا ہے کہ: سلطان جائر وعادل سے حکومتی ذمہ داری قبول کرنا جائز ہے، اگر چہ کافر ہو۔

دلیل اس پر یہ ہے کہ صحابہ، تابعین، اور اکابرین امت نے بنو امیہ کے بادشاہوں سے عہدے قبول کئے جبکہ ان کی حالت کتب تاریخ کے مطالعہ کرنے والوں پر مخفی نہیں۔ خلفاء راشدین کے بعد عادل سربراہ مسلمانوں کو بہت کم نصیب ہوئے۔

اس کے باوجود بھی ان بادشاہوں کے خلاف خروج کو کسی نے جائز نہیں کہا، اور حتی الامکان معروف میں ان کی اطاعت کی۔ یہ بات جان لینا بھی ضروری ہے کہ ان کے حکم کی تعمیل عام لوگوں پر اس وقت واجب ہے جب ان کا حکم شریعت کے مخالف نہ ہو، اور ان سے قضاء کا عہدہ قبول کرنا اس وقت جائز ہے جب قضاۃ کو اس بات پر قدرت ہو کہ وہ حق کے مطابق فیصلہ کر سکتے ہو، اور اگر وہ ان کو حق کے نفاذ کیلئے نہ چھوڑتے ہو پھر ان کی اطاعت سے اجتناب ہی لازم ہے، اس لئے کہ مخلوق کی اطاعت خالق کی ناراضگی کے مقابلہ میں جائز نہیں،

الاشباہ والنصائر والے نے کہا کہ بادشاہ کا حکم اس وقت نافذ ہوتا ہے جب وہ شریعت کے موافق ہو، صاحب ہدایہ نے کہا اس صورت میں جائز نہیں جب اس کو حق کے مطابق فیصلہ کرنے کا حق نہ دے اور صاحب درمختار نے کہا ہے کہ: قضا کا عہدہ قبول کرنا زمان، مکان اور شخص کے ساتھ خاص ہے اور اگر وہ بعض مسائل سے منع کرے تو اس کا حکم نافذ نہ ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: ۔فقہاء احناف کی عبارات اس پر دال ہیں کہ قضاء میں عدالت شرط اولویت (یعنی فوقیت والی شرط ہے) شرط جواز نہیں۔

علامہ شامی ان لوگوں کے اس قول کو نقل کرنے کے بعد جنہوں نے یہ کہا ہے کہ فاسق آدمی قضاء کا اہل نہیں۔ فرماتے ہے کہ اگر اس کا اعتبار کر لیا گیا تو قضاء کا دروازہ ہی بند ہو جائے گا۔ خصوصاً ہمارے زمانہ میں بھی اسی طرح ہے اور یہی صحیح قول ہے، اسی طرح عمادیہ میں ہے، اور فتح میں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جس کو صاحب شوکت بادشاہ نے ولایت دی ہو۔ اگر چہ وہ جاہل فاسق ہو اس کی قضاء نافذ ہو جائے گی۔

ظاہر مذہب ہمارے نزدیک یہی ہے اور اس وقت فتویٰ دوسرے کے قول پر دیا جائے گا۔

تیسرا مسئلہ: ۔فتح القدیر کی جو عبارات ابھی گزری ہے وہ صریح دلالت کرتی ہے کہ جاہل کی قضاء صحیح اور اس کا حکم نافذ ہے، اور یہی ظاہر مذہب ہے۔ امور ثلاثہ کی توضیح سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستانی حکام اگر چہ احکام شرعیہ سے جاہل ہوتے ہیں، اور غیر عادل بھی ہوتے ہیں، ان کا حکم اس شرط پر نافذ ہوگا جب وہ رویت ہلال میں شروط شہادت کی رعایت، اس کی جگہ پر خبر دینے والے، اور شاہد کے شرائط کی رعایت رکھیں اور اگر وہ فیصلہ بغیر علماء کے مشورہ کے کریں تو انکا حکم نافذ نہ ہوگا۔ اس لئے کہ یہ ممکن نہیں ہوگا کہ اپنی جہالت کی وجہ سے وہ اخبار وشہادۃ میں تمام شرائط کی رعایت رکھ سکیں، اور اگر شروط شہادت سے متعلق ان کے علم کو تسلیم کر بھی لیا جائے تو عدالت کے فقدان، اور حقوق شرع سے بے اعتنائی برتنے کی وجہ سے وہ مسلک احتیاط پر نہیں چل سکتے، اور امر دین کے قائم کرنے کا جو فریضہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان کے ذمہ کیا ہے اس کو ادا نہیں کر سکتے جیسا کہ روزمرہ اس کا مشاہدہ ہے۔ اور ثقہ عالم وہ ہوتا ہے جو احکام شرعیہ کو جانتا ہو، اور اس میں وہ اس درجہ تک پہنچا ہو کہ اس کے زمانے کے علماء اس کے فتوی پر اعتماد کرتے ہو، اور وہ بیدار ہو یعنی اہل زمانہ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عرف سے بھی غافل نہ ہو، اوراس نے ماہر استاد سے فقہ حاصل کی ہو۔

وصلّی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقه محمّد وآله وأصحابه أجمعین،

أللّٰهم صل وسلم علی سیدنا محمّدفی الاولین،

وصلّ وسلّم علی سیدنا محمّد فی الآ خرین،

وصلّ وسلم وبارك علی سیدنا محمد فی کل وقت وحین،

وصلّ وسلم وبارك علی سیدنا محمد فی الملأالأعلٰی الی یوم الدین ،

وسلام علی المرسلین ،والحمدللّٰه ربّ العلمین۔

(۱) :۔صحیح البخاری

لأمیرا لمؤمنین فی الحدیث محمد بن اسماعیل البخاری "قدیمی کتب خانه کراچی"

(۲) :۔ ألصحیح لمسلم:۔

للأمام أبی الحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم ألقشیری "قدیمی کتب خانه"

(۳) سُنن الترمذی :۔

للأماالعلام أبی عیسی محمد بن عیسی بن سورة الترمذی "قدیمی کتب خانه،ایچ ایم سعید

(۴) سمنن أبی داؤد :۔

للأمام سیلمان بن الأسعث أبی داؤد ألسجستانی۔"مکتبه حقانیه ملتان"

(۵) مشکوٰة المصابیح :۔ "قدیمی کتب خانه"

(۶)فتح الباری :۔

ل لأمام الحافظ أحمد بن علی بن حجرأالعسقلانیؒ رئاسة إداراة البحوث العلمیة والأرشاد "أسعودیة"

(۷) معارف السّنن :۔

للعلامة ۔ألمحدث ،ألفقیه،محمد یوسف البنوری ألحسنیؒ۔ "ألمکتبة البنویة کراتشی"

(۸) فتح الملهم:۔

للأمام العلامة شبیرأحمد العثمانیؒ۔مکتبه دارالعلوم کراتشی"

(۹) مظاهر حق جدید :۔

للعلامة نواب محمّد قطب الدین ألدهلوی" دارالأشاعت کراتشی"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۱۰) ألدرالمنضود على سنن أبی داؤد :۔

للأمام ألشيخ محمّد عاقل ،صدر المدرسين مظاهر علوم" مكتبة الشيخ كراتشى"

(۱۱) زوائد السّنن :۔

صالح أحمد الشامی "داراقلم دمشق"

(۱۲) شرح شرح نخبة الفكر فی مصطلحات أهل الأثر:۔

للأمام ألمحدث علی بن سلطان محمّد ألهروی ،ألقاری "قديمی كتبه خانه"

(۱۳) كشف المشكل:۔

للأمام إبن الجوزی علی صحيح البخاری "دارالكتب العلمية بيروت"

(۱۴) ألدُّر المختار :۔

للأمام ألشيخ علاء الدين محمّد بن علی الحصكفي "ايچ ايم سعيد كمپنی"

(۱۵) ردُّالمحتار ألمعروف بفتاوی الشامی :۔

محمّد علاء الدين بن السيد محمد أمين إبن السيد عمر عابدين ألشامی "ايچ ايم سعيد"

(۱۶) ألهدايه:۔

لشيخ الاسلام برهان الدين أبی الحسن علی بن بكر الفرغانی المرغينانی "مكتبه شركت علمية"

(۱۷) بدائع الصنائع :۔

للأمام علاء الدين أبی بكر بن سعود ألكا سانی ،ألحنفی "دارأحياء التراث العربی بيروت"

(۱۸) نيل الأوطارشرح منتقی الأخبار :۔

للأمام ألمجتهد محمد بن علی بن محمد ألشوكانی "شركت مكتبة مصطفی ألبابی ألحلبی بمصر"

(۱۹) ألمحيط البرهانی فی الفقة النعمانی :۔

للعلامة محمود بن أحمد بن عبدالعزيز عمر بن مارة البخاری "ألمكتبة الغفارية كوئته"

(۲۰) فتح القدير :۔

للأمام ألشيخ كمال الدين محمد بن عبدالواحد ألسيوسسی ،ثم الأ سكندری ،ألمعروف بأبن الهمام "ألطبعة الأولی بالمطبعة الكبری الأميرية ببولاق مصر"۔

(۲۱) أبحرالرائق :۔

للعلامة زين الدين إبن نجيم ألحنفی رحمه اللّه تعالی ۔"ألمكتبة الرشيدية كوئته"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲۲) تبيين الحقائق :..

للأ مام فخرالّدين عثمان بن على ألزيلعى ألحنفى "ايچ ايم سعيد كمپنى"

(۲۳) ألفقه الأسلامى وأدلته:..

الاستاذألدكتور وهبة الذ حيلى "دارالفكر"

(۲۴) تيسير مصطلح الحديث :..

للدّكتور محمود الطحّان" قديمى كتب خانه كراتشى"

(۲۵) ألمبسوط :..

للأمام أبى عبداللّٰه محمد بن الحسن ألشيبانى "إدارة القران والعلوم الا سلامية كرتشى"

(۲۶) ألفقه الحنفى وأدله :..

للشيخ سعد محمد سعيد ألصاغرجي "دارالكلم الطيب بيروت"

(۲۷) ألمهذب فى علم أصول فقه المقارن:..

للأستاد ألدكتور عبدالكريم بن على بن محمدألنملة "مكتبة ألرُّشد ألرياض"

(۲۸) ألمتانةفى مرمة الخزانة:..

للأمام محمد جعفرابن العلامة عبدالكريما ألشهير بميران بن يعقوب ألبوبكانى ألسند "مكتبة لجنة إحياء الأدب ألسندى بكراتشى"

(۲۹) ألنهر الفائق شرح كنزالدّقائق:..

للأمام سراج الدّين عمربن ابراهيم ابن نجيم الحنفى ."دارالكتب العلمية بيروت"

(۳۰) مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر :..

للفقيه عبد الرحمن بن الشيخ محمد بن سليمان ألمعروف بدامادافندى "دارالباعة العامرة"

(۳۱) بداية المجتهد ونهاية المقتصد:..

للأمام ألقاضى أبى الوليد محمد بن أحمد بن رشد ألقابى الأندلسى "دارالكتب العلمية بروت"

(۳۲) جامع الفقه

للأمام ابن قيم ألجوزى "دارالوفاء"

(۳۳) ألفقه ا لنافع:..

للأمام ناصرالدين أبى القاسم محمد بن يوسف ألسلم قندى "مكتبه العبيكان رياض"

(۳۴) ألبيان فى فقه الأمامالشافعى:..

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



للأمام يحي ابن أبيالخير بن سالم ألعمرانى "دارالكتب العلمية بروت"

(۳۵) ألتجنيس والمزيد :۔

لثيخ الاسلام برهان الدين أبى الحسن على بن أبى بكر الفرغانى المرغينانى"

(۳۶) ألبناية:۔

للأمام أبى محمد محمود بن أحمد ألعينى "مكتبه دارالفكر"

(۳۷) منحةالخالق على البحرالرائق :۔

للعلامة ألشيخ محمد أمين عابدين بن عبدالعزيز المعروف بابن عابدين ألدمشقى "مكتبة الرشيد يه"

(۳۸) عمدةالرعاية على شرح الوقاية :۔

لمولانا عبدالحى أللكهنوى "مكتبة امداديه ملتان"

(۳۹) حاشية الحاوى :۔

للعلامة ألسيد أحمد الطحطاوى ألحنفى "قديمى كتب خانه"

(۴۰) حلية العلماء فى معرفة مذاهب الفقهاء:۔

للأمام سيف الدين أبى بكر محمد بن أحمد الشاشى ،ألقفال "مكتبة الرسالة الحديثية"

(۴۱) موسوعة فقه عبدالله بن عمرؓ:۔

للدكتور محمد دوّاس قلعه جى "دارالنغئس بروت"

(۴۲) جواهر الفقه :۔

لمولانا مفتى أعظم باكستان محمد شفيع الديوبندى "مكتبةدارالعلوم كراتشى"

(۴۳) مختصر اختلاف العلمآء:۔

للامام أبى جعفر أحمد بن محمد بنسلامة ألحاوى "دارالبشائرالاسلامية"

(۴۴)روضة الطالبين :۔

للأمام أبى زكريايحي بن شرف أنووى ا ألدمشقى .

(۴۵) معين الحكام :۔

للشيخ الأمام علاء الدين أبى الحسن على بن خليل الطر ابلسى الحنفى "حاجى عبدالغفار قندهار"

(۴۶) زبيدة المقال فى رؤية الهلال :۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



من إفادات العلماء

(٤٧) الأتماموالأكمال فی رؤية الهلال :۔

من إفادات شيخ الحديث ألشهيد المفتی نظام الدين شامزئی .

(٤٨) ألفتاویٰ ألتاتار خانية :...

للعلامة عالم بن العلاء الأنصاري الاندريتی "ادارةالقران والعلوم الاسلامية كراتشی "

(٤٩) ألفتاویٰ ألولوالجية :..

الأمام أبی الفت ظهيرالدين عبدالرشيد ألبخاری "المكتبة الرشيدية كوئته

(٥١) فتاویٰ أركان الاسلام:...

لفضيلةالشيخ محمد بن صالح ألعيثمين "دارالثر يا للنشر"

(٥٢) فتاویٰ هنديه :..

للأمام فخرالدين حسن بن من٢ر الأوز جندی الفرغانی الحنفی .

(٥٣) عمدة المفتی والمستفتی :..

للعلامة جمال الدين محمد بن عبدالرحمٰن بن حسن الأهل "دارو النجاة "

(٥٤) فتاویٰ واحدی :..

للعلامة عبدالواحد سيو ستانی "بسعی حاجی محمد قاسم قندهار أفغانستان "

(٥٥) عزيز الفتاویٰ :..

لمولانا ألمفتی عزيز الرحمٰن "دارالأشاعت كراتشی "

(٥٦) خير الفتاویٰ :..

لمولا نا خير محمد جالندهریؒ "بأهتمام جامعه خيرالمدارس ملتان "

(٥٧) فتاویٰ مفتی محمود :...

لمفكرالأ سلام المفتی محمود

(٥٨) فتاویٰ خانيه :..

(٥٩) فتاویٰ محمود يه:..

لمولانا المفتی محمود حسن جنجوهی "كتب خانه مظهری "

(٦٠) أحسن الفتاویٰ :...

لمولانا المفتی رشيد أحمد لُد هيانوی 'ايچ ايم سعيد "

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲۱) إمد اد الفتاوی :..

من إفادات حکیم الأمة أشرف علی ألتهانوی "مکتبةدارالعلوم کراتشی "

(۲۲) کفایت المفتی:...

لموٰ لانا المفتی کفایت اللّٰہ ألدھلوی "دارالأشاعت کراتشی"

(۲۳) فتاوی حقانیه :...

لمولانا شیخ الحدیث عبدالحق "جامعه دارالعلوم حقانیه "

(۲۵) اسلامی ممالک اور قمری مہینوں میں یکسانیت :..

غلام مجتبی سلیم "

(۲۶) رویت ھلال کا مسئله ، عصر حاضر کے وسائل اور ترقیات کی روشنی میں :...

"مولانا بُرھان الّدین سنمھلی "

(۲۷) ماہنامه بَیّنات:...

أز طرف جامعه العلوم الاسلامیه علامه محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراتشی۔


## نرخنامہ برائے اشتہارات

بین الاقوامی معیار کا تحقیقی سہ ماہی مجلّہ

"المباحث الاسلامیة"(اردو)

**Ret List for Advertisement**

**Quarterly International Magazine ALMABAHIS-AL-ISLAMIA**

(1) آخر صفحہ رنگین........4000روپے — (2) اندورن آخر صفحہ رنگین.......3000روپے

(3) اندرون صفحہ اول رنگین.........3,000روپے — (4) مکمل صفحہ سادہ.........1500روپے

(5) آدھا صفحہ سادہ.........1000روپے — (6) ایک تہائی صفحہ سادہ.......500روپے

یہ پاکستان اور دنیا بھر کے لائبریریوں کا واحد منتخب اسلامی تحقیقی مجلّہ ہے۔

اپنے کاروبار کی تشہیر کے لئے سہ ماہی مجلّہ۔"المباحث الاسلامیہ"(اردو) میں اشتہار دے کر ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق بنیں۔

برائے رابطہ: دفتر جدید فقہی تحقیقات، جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں فون:0928-331353،فیکس:331355

ای میل almarkazulislami@maktoob.com


© rasailojaraid.com